چار سُو ہے کشمکش اور چار سُو ہے جستجو

ایک دن اِن سے نپٹنا ہی پڑے گا بہر طور
بے بسی بیگانگی، پژمردگی اور بیکسی

دیش کی خاطر پڑے گا اِن کو کرنا زیر گور !
خواہ مخواہ کی اُلجھنیں اور خواہ مخواہ کی کلفتیں

کیا بتائیں کتنے اب تک سہہ چکے ہیں ظلم و جور
آشتی مرحم ختم انصاف اور یاری ختم

ایسا لگتا ہے کہ اِن کو لے اُڑا ہے کوئی چور
ہر طرف مایوسیاں ناکامیاں بربادیاں

موت منڈلاتی ہے ایسے جس طرح ناچے ہے مور
روشنی پائی ہیں گم اور عقل انسانی بھی گم

اے نثارِ بے نوا کہلاتا ہے عالم کا یہ دور

آہ! مولانا محمد سعید مسعودی

امن کا اک دیوتا یوں درمیاں سے ہٹ گیا
ذہن و دل میں جیسے اک حصّہ بدن کا کٹ گیا

میرے سُو کے کہساروں پر رواں ہیں وادیاں
آج دُنیائے سیاست کا ستارہ گھٹ گیا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gr

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

غزل

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

[illegible] دنیا ہو گئی تیار ہے
اور کہہ سکتا ہوں کچھ یہ بڑا اسرار ہے

یہ زمانے کے بدلنے کا سبب ہے اس لئے
دورِ نازیبا میں لگتا دوست بھی اغیار ہے

محکمہ منتری نے کہا جلسہ میں کل کشمیر میں
ملک کی خاطر مروں گا قول ہے اقرار ہے

جو بڑا سنجیدہ لگتا تھا ہمیں محفل میں کل
وہ حقیقت میں بڑا ہی تیز ہے طرار ہے

ورنہ میری کس طرح ہوتی عیادت دوستو
میرے بارے میں جو تم نے سن لیا بیمار ہے

وہ محبانِ وطن کی انجمن بھی خوب ہے
جو کبھی جرار ہے، سالار ہے، احرار ہے

کیوں نہ ہم دن بھر پریشاں حال رہ جائیں نثار
احمقوں کا ہر صبح ہوتا ہمیں دیدار ہے

غزل

جو پریشان رہ کر بھی کچھ کر گئے — حکم ربی سے وہ سب کے سب تر گئے
جو گھروں سے نکل کر کبھی آئے تھے — گھر کو واپس گئے اور سبھی مر گئے
گھر کا نقشہ بدلنے کا تھا عزم ہی — یہ بڑا دکھ ہے گھر کے سبھی ڈر گئے
اُن سبھی کو شہادت کا رتبہ ملا — جنگجوؤں کی قتالت سے جو مر گئے
ہم کو بے حال ہونا تھا ہو کر رہے — گولیاں اس قدر چل گئیں ڈر گئے
بے تحاشہ میں رو لوں گا کشمیر میں — کتنی ہمشیرگاں کے وہاں ور گئے

اے نثارِ غزل خواں جو مرنا نہ تھا
اپنے ہاتھوں سے کیوں کاٹ کر سر گئے

ھ
شوہرہ پی

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

غزل

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ٹوٹ پڑا ہو ایک قدرت ہے کوئی نہ پرساں کوئی نہ والی

گھر کو چھوڑے دیر ہوئی ہے، ہاتھ ہیں دونوں اپنے خالی

گھر گھر اُجڑا گھر گھر بکھرا، سڑکوں پر ڈھیر ہیں ڈالے

ہر گھر میں ماتم سا پڑا ہے، وہ کیا خاک منائیں دِوالی

بدنامی کا ٹیک دیا ہے، دین کو تم نے اے نادانو

مذہب کی توہین کرو ہند، مذہب نہیں ہوتا ہے جعلی

ابھی گزشتہ پانچ برس سے، وادی میں آتنک پہنچا

سرکاروں نے آنکھ بچائی، اندھیرے میں نظر نہ ڈالی

گھر سے نکل کر واپس جانا ممکن نہ ہوگا مجھ سے نثار

اتنا بوجھ غموں کا لئے ہوں، ٹوٹے نہ جیون کی ڈالی

غزل

شریفوں کا گزر کشمیر میں اب ہو نہیں سکتا
کوئی بھی با اثر کشمیر میں اب ہو نہیں سکتا

سکوں کی بات کرتے ہو مگر سوچا بھی ہے تم نے
سکوں آنکھوں بھر کشمیر میں اب ہو نہیں سکتا

یہی اُن کی تمنا تھی یہی اُن کا تماشہ تھا
کوئی بھی خوش نظر کشمیر میں اب ہو نہیں سکتا

قتل کی وحشتوں سے اک تہہ جمی ہے ہر طرف دیکھو
اَمن کا بھی شجر کشمیر میں اب ہو نہیں سکتا

نثارِ بے نوا بے گھر ہوا ہوں اس طرح سے میں
کوئی اپنا شہر کشمیر میں اب ہو نہیں سکتا۔

شعر

اپنے بُرے کی بات ہی اُن اَن بھلے کی بات ہے
یہ آنکھ اور کان کے ہی فاصلے کی بات ہے۔

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

غزل

مر گئے گھر کے سبھی لیکن کوئی گریاں نہ تھا
سڑک پر مردے جلائے گیا کہیں شمشان نہ تھا

جس کے بارے میں ہمیں معلوم تھا کچھ بھی نہیں
دوست تھا احمق نہ تھا ہمدرد تھا انجان نہ تھا

اس طرح میں گر پڑا بکھرا ہوا سا رہ گیا
کچھ حرارت جسم میں تھی کیونکہ میں بے جان نہ تھا

بھوک تھی افلاس تھا روزی نہ تھی روٹی نہیں
مفلسی میں رکھتے روزے مگر رمضان نہ تھا

بھنگ لہراتی رہی تھی منچلے کے کھیت میں
زہر بویا زہر کاٹا باوصف دہقان نہ تھا

قومی یکجہتی کی خاطر دلی کے دربار میں
ایک کونسل تھی کہ جس میں ایک بھی انسان نہ تھا

آپ کرنے کو عیادت آ بھی سکتے تھے مگر
آپ کے پیروں میں کوئی گر پڑا زولان نہ تھا

وہ تو ماضی کی تلخ یادوں کی اک غماز تھی
جس حویلی میں مرا کوئی بھی اک پرسان نہ تھا

حادثہ اتنا بڑا تھا موت کی دہلیز پر
کیوں نہ مر جاتا کہ جب میرا کوئی درمان نہ تھا

پھر بھی میرا گھر اجڑ کر رہ گیا کشمیر میں
تند تھی کچھ ہوا نئی نوح کا طوفان نہ تھا

جس وقت کشمیر میں بندوق داخل ہو گئی
کوئی لیکن اس وقت کشمیر میں سلطان نہ تھا

کل جسے دیکھا گیا تھا وہ مرا کوئی نہ تھا
پھاند کر دیوار گھر میں آ گیا مہمان نہ تھا

راز میں رکھنا کٹھن ہے اس لئے کہہ دوں نثار
جس میں تم پہنچے وہی گھر تھا ترا زندان نہ تھا۔

تحسین

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

غزل

قوم کو دشمنوں کے سپرد [illegible] [illegible] کر گئے
Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu
معاشرے کی تباہی کا کارن بنے، کون جانے ہمیں کیوں رلا کر گئے

وہ سگے تھے ہمارے کہاں دوستو، اُن کی فطرت عدو دین کی عکاسی تھی
گاؤں کے گاؤں جن سے اُجاڑے گئے، موت کی نیند سب کو سلا کر گئے

وہ پیمبر تھے وہ نور کے دیوتا، اُن کے بارہ میں پڑھ کر عمل تو کرو
رام کی بات ہے اور ہے شام کی، دونوں کا جو بھی حق تھا نبھا کر گئے

آپ کہتے رہے ہم بھی سنتے رہے، درمیاں میں مگر آپ روتے رہے
ایسا لگتا تھا حالات اچھے نہ تھے، جو ہمیں آپ دکھڑا سنا کر گئے

اپنا احساس جاگا تھا کچھ اسقدر، ہوش تک اپنے اُڑنے نہ پائے کبھی
عقل و دانش سے عاری وہی لوگ تھے، بھائی کو بھائی سے جو جدا کر گئے

وہ غلط لوگ تھے جن سے ملت رکھی، آپ سے ہی ہمیں یہ پتہ چل گیا
وہ تو یاری کے قابل نہیں تھے مگر، ہم ہی اُن پر کچھ احسان جتا کر گئے

پھر نثار حزیں دل نے رونا کیا، مُرتعش داستاں سے متاثر ہوا
کوئی ہمت کرے اُن سے پوچھے ذرا، کل ہمیں کیا وہ گھر پر بتا کر گئے

غزل

تیرگی بڑھنے سے بدحالی ہوئی کشمیر میں
کچھ نہیں باقی رہا کشمیر کی تقدیر میں

جن سے اللہ کے خلائق بے وجہ مارے گئے
حشر کے دن پیش ہونگے وہ بھی زنجیر میں

اس وجہ سے کر نہیں سکتے ملامت آپ کی
ہے نہیں کچھ بھی وزن اس آپ کی تشہیر میں

ورنہ جو کچھ سن لیا اچھا لگا بہتر لگا
ایک ہی بار ہے ملامت لفظ کی تفسیر میں

عقل پر پتھر پڑے تھے اسلئے دیکھا نہ کچھ
پتھروں کے بعد باقی کیا رہا تقدیر میں

رہ گیا کٹنے سے سر میرا تری شمشیر سے
زنگ جیسے لگ چکا تھا آپ کی شمشیر میں

کیا سمجھ کر آگئے تھے آپ اس اجلاس میں
جان ڈالی ہی نہیں تھی آپ نے تقریر میں

ڈالتے رہیے ہر سر پر یہ پانی اے نثار
موت کے آثار واضح ہیں نہیں کشمیر میں

C-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

۶/۹۱

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

غزل

کھیل کھلونا اُن کی سیاست، جو ہیں سیاست سے کچھ دور
کیسے بنے ہیں آج سخی وہ، جو ہیں سخاوت سے کچھ دور

کتنی مسافت طے کر لی ہے، کتنی گرد ہم نے کھا لی
ایسی جگہ پہ پہنچ چکے ہیں، جو ہے قیامت سے کچھ دور

جن کو ہم نے ہمدردوں کی صف میں شامل کر کے رکھا
اُن کا وطیرہ اُن کا چلن بھی نکلا شرافت سے کچھ دور

چوٹ لگی تھی اندر سے جو گہری بھی تھی اسی لئے
بسمل نے جو بھی تھا سنایا، وہ تھا کراہت سے کچھ دور

ہم نے چاروں طرف بھی دیکھا، لاش نہ مل پائی ہم کو
کل جو اغوا گھر سے ہوا ہے، وہ ہے ہلاکت سے کچھ دور

جلسہ میں تعداد بڑی تھی، رونق جلسہ کچھ بھی نہ تھی
وہ بھی کوئی جلسہ ہوا، جو ہو گا نظامت سے کچھ دور

جن کے گھر میں نقلی تھا ماتم، ہم نے کیا معلوم نثار
مرا ہی ہے اُن کا کوئی، وہ ہیں ندامت سے کچھ دور

۶/۹۱

غزل

مضطرب بیٹھے ہوئے ہیں آج کل انسان سب
آدمی اطوار سے ہونے لگے حیوان سب

حق کی باتوں سے گریزاں دیکھ کر کہنا پڑا
بیچ کر بیٹھے ہوئے لگتے ہیں وہ ایمان سب

رو چکے اُن بے ضمیروں کے لئے بس رو چکے
توڑ کر چلتے بنے جو وعدہ و پیمان سب

وہ نشانے کے نہ تھے پکے، خطا ہو کر گئے
جتنے بھی اُن سے چلائے جا چکے پیکان سب

یہ مسافر خانہ جو کل تک رہا مہماں نواز
آج کس جانب گئے ہیں کیا کہ وہ مہمان سب

ہر طرف دہشت و وحشت کے ہی کارنامے نثار
ایک دن آباد ہوں گے دیش کے شمشان سب

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

غزل

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اس طرح مرنا پڑے گا ہم کو کیا معلوم تھا
جسم تنگ گھر میں سڑے گا ہم کو کیا معلوم تھا

وہ جسے گھر سے نکلنا تک گوارا تھا نہیں
دو قدم آگے بڑھے گا ہم کو کیا معلوم تھا

ساتھ چلنے کو جسے راضی کیا تھا وہ مگر
راستے میں ہی اڑے گا ہم کو کیا معلوم تھا

اپنی نظروں میں ہمیشہ جو بڑا منحوس تھا
پھول منہ سے وہ جھڑے گا ہم کو کیا معلوم تھا

وہ جسے بچپن سے ہی ہم نے پرایا مان لیا
آخرش سر پر چڑھے گا ہم کو کیا معلوم تھا

اس کی کچھ کچھ بدخواہی سمجھ میں آتی تو تھی
لیکن وہ ہم سے لڑے گا ہم کو کیا معلوم تھا

وہ ہمیں بدنام کرنے کو یہاں تک جائیگا
غلط افسانے گھڑے گا ہم کو کیا معلوم تھا

وہ نثارِ دل شکن کی بات اچھی تھی مگر
خود بخود پھانسی چڑھے گا ہم کو کیا معلوم تھا

قطعہ

اڑا لی صحرا کی خاک میں نے چمن میں گو سیر و رنگ و بو کی
مگر نہ پایا کہیں بھی تم کو ہزار ہلنے کی جستجو کی
تجھے میں ڈھونڈوں کہاں میں ڈھونڈوں تجھے میں پاؤں کہاں میں پاؤں
عجب تماشہ ہے کھو گیا خود نہ میں نے جس دن سے آرزو کی۔

C-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

آہ! جناب لسہ کول

مر گیا مارا گیا وہ تو وطن کا یار تھا
عقلِ انسانی کا جو سب سے بڑا اسرار تھا

قول میں لسہ کول تھا پکّا تھا وہ ایمان میں
آشتی کا اور سرِ ہم کا بڑا انبار تھا

مرتبہ پایا تھا جس نے اپنی دانش کے سبب
شش جہت میں بھی نہ مل پائیگا وہ کردار تھا

وحشیانہ طور پر جس نے قتل اُس کا کیا
وہ ہماری نظر میں کچھ بھی نہ تھا غدّار تھا

جس نے کر دی ہے شہادت پیش حجت کے بغیر
وہ حقیقت میں سراپا قلزمِ انبار تھا

داورِ محشر کو جس نے آج لرزا کے رکھا
پیکرِ انسانیت کا وہ بڑا فنکار تھا

جس نے اپنے قتل پر عالم کو رلوا کے رکھا
وہ اخوت کا تھا پیکر صاحبِ ایثار تھا

روبرو باطل کے جس نے سر جھکایا ہی نہیں
حق کی خاطر وہ ہمیشہ برسرِ پیکار تھا

جو نثارِ دل شکن کا ایک ہی محبوب تھا
ہر کسی مجروحِ غم کو وہ سدا درکار تھا

شعر

خدا کا یہ بردہ فروشی تو دیکھو کہ اپنی عبادت گزاری کے بدلے
مساجد کے سوکھے ہوئے زاہدوں کو یہ حورانِ باغِ جناں بخشتا ہے۔

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

غزل

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

رستہ رستہ افسردہ ہے، جن میں پڑے کچھ پیکر ہیں
شہر شہر پر موت کا سایہ، شہر شہر میں اجگر ہیں

کہاں کہاں کی حالت پر ہم آنسو بہائیں گے کب تک
نقش نقش پر بیوائیں ہیں، نقش نقش پر بے سر ہیں

سبز سبز سے باغ دکھا کر ٹھگنے والے ٹھگتے ہیں
روش روش پر دیکھے ہم نے، سود و زیاں کے چکر ہیں

ابھی ابھی کی بات نہیں ہے، عرصہ سے کچھ ایسا ہے
گھر گھر دیکھی دہشت گردی، گھر گھر دیکھے لشکر ہیں

کیسے کیسے غیر معتبر لوگوں کو دیکھا لیکن
قدم قدم پر شرفاء ہیں، پر جو کچھ ہیں وہ کمتر ہیں

سڑکوں سڑکوں، گلیوں گلیوں، محلوں محلوں، ادھر ادھر
سرحد سرحد چھاپے ڈالے، سرحد سرحد تشکر ہیں

جو جو ہجرت کر کے آئے، ہر ہم آج بھی ہیں وہ بشار
جدھر جدھر بھی دیکھا ہم نے، تو ادھر سب بے گھر ہیں

غزل

لکھنے کا مضمون پر کہ جتنے جتنے — جو تواریخ کا ایک حصہ بنے
اپنی جانب سے جو کچھ اندر تھا ہر — اُسکو رکھا تواریخ کے ہی کہنے
کیوں نہ تاریخ اچھی لگے آپ کو — سیم و زر آب سے لکھے ہیں پہنے
مجھ کو دیکھا تو روٹھے رہے بے سبب — وہ مناتے مناتے ہی آخر منے

اُس بشارِ مسخور کو مرنے ہی دیں
حرج اُس میں اگر ہے بتاؤ تنے۔

C-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

4/91

غزل

گھر سے نکلنے والے ڈیرہ قبرستان پہ ڈالے
اپنے دل کا راز بتا لے سستی شہرت پانے والے
مرہم کا کوئی کام نہیں اب دل پہ ایسے پڑے ہیں چھالے
اپنا مقدر ہی مفلس تھا دفن ہوئے جو گھر کے اجالے
اسی لیے گھر چھوڑے بیٹھے ہیں پڑے ہوئے تھے جان کے لالے
چاروں طرف ہے گہری سیاہی دیوار و در بھی ہو گئے ہیں کالے
اُن پر اکثر وار ہوئے تھے جتنے بھی تھے بھولے بھالے
پینے والے بہت ہو گئے ہیں ہم ہی نہیں ہیں پینے والے
کاریگروں کے ہاتھ کٹے ہیں سستے ہوئے ہیں شال دوشالے
فرض تمہارا یہی بنتا ہے وعدہ کیا ہے اُسکو نبھا لے
جن سے دُنیا ترک ہوئی ہے واپس نہیں وہ آنے والے
وُہی بہادر کہلائیگا جو کوئی اپنا جوہر دکھا لے
نثار کا اُس میں نقصان ہوگا اگر نہ ہم سے وہ بدلے چالے

غزل

بجھ گئے اُمید کے جلتے دیے سب بجھ گئے
پھر کیسے آرام آتا داغِ دل جب بجھ گئے

ایک مدت سے میں اُن کی باٹ کو تکتا رہا
کوئی بتلائے کہ آنکھوں کے دیے کب بجھ گئے

اک خوشی تھی جو چراغاں کر لیا ہم نے مگر
وہ چراغِ ناتواں تھے سارے کل شب بجھ گئے

تیل کی مقدار کو دیکھا نہیں جو رات بھر
تیل لایا بھی تو کیا من کے دیے اب بجھ گئے

زہر ہیروں میں جو نکلا حلق تر کرنے نثار
آبِ خنجر سے مرے تو یک بیک لب بجھ گیا

C-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

کشمیر کے باسی

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ظلم و جبر کی بندوقوں سے پھر سے کشمیر کے باسی — گھر سے ہی کر کوسوں آگے بھاگنے لگے کشمیر کے باسی
قدم قدم پر خون گرایا، قتل ہوا بے بس لوگوں کا — اسی لئے اپنے ہی گھروں سے نکلنے لگے کشمیر کے باسی
تحریروں اور تقریروں کی بار سماعت تھی سب باتیں — جن کو پڑھ کر جن کو سن کر ڈرنے لگے کشمیر کے باسی
غداروں نے افراتفری پھیلائی جب وادی بھر میں — پاکستانی گولی سے تب مرنے لگے کشمیر کے باسی

کتنے ہزاروں سالوں سے کشمیر کے مالک ہندو تھے — جو نہ کبھی کشمیری تھے وہ بننے لگے کشمیر کے باسی
چھ ہی صدیوں سے پہلے کشمیر میں آیا غیر کوئی — ایسا چکر چلایا اُس نے بٹنے لگے کشمیر کے باسی
ایسے کچھ بنیاد پرست آئے تھے مبلغ بن کر جو — ترکِ دھرم کی چال چلا کر گھٹنے لگے کشمیر کے باسی
مندروں کے کتنے ہی کلش تھے ریشیوں کا کشیر تھا مسکن — جھوٹ مکاری ریا دغا سے پٹنے لگے کشمیر کے باسی

خون تھا اپنا ہوا بیگانہ ایسے کچھ حالات بنائے — زہر بھی ایسا گھولا ہوا میں تڑپنے لگے کشمیر کے باسی
ہر گھر میں کہرام مچایا ہر گھر میں تابوت سجایا — ایسے کچھ حالات بنائے سسکنے لگے کشمیر کے باسی
وحشت و ہشت جبر و ظلم سے کیا نہ ہوا کشمیر میں یارو — جنیو اُتار گئے گردن سے بدلنے لگے کشمیر کے باسی
دریا بر و جو کیا ہنود کو اثر سیاہ چھایا تھا ہر سو — خون کے آنسو دیکھے گئے جب رونے لگے کشمیر کے باسی

جام شہادت پلوانے کو جابر بنے سفاک ہو گئے — ایسا نزلہ گرایا اُن پر بلکنے لگے کشمیر کے باسی
مندروں کو تبدیل کیا پھر بنیں مساجد شاہوں سے — ایسا ظلم کیا تھا کلمہ پڑھنے لگے کشمیر کے باسی
بدل کے رکھدی حالت میری دیواروں دروازوں کی — ایسی شکل بدل کے رکھدی گھٹنے لگے کشمیر کے باسی
ظالم و آشد کو بھڑکایا وقت کے شاہوں نے ہر سو — تب سے برا ہر ہم نے دیکھا اُجڑنے لگے کشمیر کے باسی

چاروں طرف جو گھر کو دیکھا میں نے ہنا کر بھیدل کل
میں نے رونا شروع کیا تھا چھلکنے لگے کشمیر کے باسی

شعر

شاید اسے قزاخ نے لوٹا ہو تازہ دم
یہ جو بچارہ موت کو لپٹا کے سو گیا

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

غزل

آنے والا آتے ہی احسان جتائے کیا معلوم
گھر میں آکر مجھ کو ابدی نیند سلائے کیا معلوم

وقت بڑا دردیلا ہے، یہ وقت کسی کا یار نہیں
کہاں کہاں پر دہشت گردی، کس کو مٹائے کیا معلوم

کہہ نہ سکوں گا اس بستی کے لوگوں کا میں حال تمہیں
اغوا کیجئے، یا قتل کئے یا زندہ جلائے کیا معلوم

ہم نے کبھی سوچا ہی نہیں تھا، سیدھا کیا ہے اُلٹا کیا
ساری عمر میں کیا کیا کھوئے، کیا کیا پائے کیا معلوم

قدم قدم سائے کی مانند ساتھ رہا جو روز و شب
قدم قدم پر ساتھ وہ میرا چھوڑ ہی جائے کیا معلوم

طغیانی میں آیا ہُوا یہ لال سُرخ دریا کیسا
اس خونیں دریا میں گر کر کتنے نہائے کیا معلوم

مجھ سے شکایت بے معنی ہے، مجھ کو دوش دُنیا سے کیا
انسانوں حیوانوں نے معصوم رلائے کیا معلوم

خطرہ کی گھنٹی کو بجانا خطرہ سے کم خطرہ نہیں
اس خطرہ میں آنے والا ہم کو بچائے کیا معلوم

تم نے مگر محفل کی گہما گہمی دیکھی ہے اے بشار
اس میں کتنے اپنے تھے اور کتنے پرائے کیا معلوم

قطعہ

وہ تو دن میں ہی رات کرتے ہیں — اور سکوں کی بات کرتے ہیں
اُن کو حادثوں کا ذمہ کیا — جو کہ انساں کا گھات کرتے ہیں

C-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

غزل

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اب نہ کوئی نگہباں ہوگا یہاں — راستوں کا بھی تعین ہوگا یہاں

پھر حکمراں بے جان ہوگا یہاں — گھر کا بندہ بھی مہمان ہوگا یہاں

زندگی اب حوادث کی ہوگی نذر — دیش پریمی بھی لرزاں ہوگا یہاں

اک تمنا جو پوری نہ ہوگی کبھی — ہر کسی دل میں ارمان ہوگا یہاں

دُردشا پھیلتی ہی چلی جائے گی — زہر کھانا بھی آسان ہوگا یہاں

حق پسندی کی ممکن نہیں قدر ہو — جس کو دیکھو گے ویران ہوگا یہاں

ایک کرسی کے کتنے مگر ہو گئے — اب تو اپنا بھی انجان ہوگا یہاں

خوب باطل پرستوں کی ڈفلی بجی — جھوٹ کے ساتھ بہتان ہوگا یہاں

دیش کو یہ کلنکت کریں گے سبھی — پھر تباہی کا سامان ہوگا یہاں

بھوک و افلاس کو پر لگینگے یہاں — ہر کسی گھر میں شمشان ہوگا یہاں

کل کو احمق فلاطون کہلائیگا — جس کو دیکھو گے خاقان ہوگا یہاں

شر پسندی بھی پروان چڑھ جائیگی — قتل کرنے کا فرمان ہوگا یہاں

اُس نثارِ سخنور کا کہنا ہی کیا
دیش کے ہت میں قربان ہوگا یہاں

غزل ۲

غم کا سامان ارزاں ہوگا یہاں — آٹھ پہروں کا رمضان ہوگا یہاں

اِس طرح ابتری آئے گی دیش میں — سر پہ چڑھنے کو شیطان ہوگا یہاں

موت کے منہ میں دینے کی خاطر مجھے — چھیڑنے کو بھی انجان ہوگا یہاں

دیش دروہی بھی غازی ہی کہلائیگا — قاتلوں کا بھی استھان ہوگا یہاں

آتنکوں سے اگر دوستی ہو گئی — خون کا پھر سے باراں ہوگا یہاں

بے گناہوں کی بھی خیر ہوگی نہیں — اور عائد بھی تاوان ہوگا یہاں

بے حیائی بڑھے گی کچھ اِکا زور سے — جس کو دیکھو گے رقصاں ہوگا یہاں

ان سے آزاد ہونے پہ بھی دوستو — زندگیوں کا شکراں ہوگا یہاں

آپ آئے نثارِ سخنور کے ہاں
ہر کوئی غیر پہچان ہوگا یہاں

C-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

) Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

غزل

گھر جلا تب تک جلا معلوم مجھ کو جب ہوا
میری حالت دیکھ کر مجبور میرا رب ہوا

بم دھماکوں سے لگا ڈالا الفتہ کشمیر کو
جو اثاثہ تھا مرا برباد سب کا سب ہوا

مسجدوں سے جب عجب سے بول سننے کو ملے
نصف شب تک رو لیا، رونا مرا بے ڈھب ہوا

روپیہ کی چال سے غارتگروں کو شہ ملی
اور پھر انسانیت کا قتل روز و شب ہوا

ایک یہ صدمہ ہے مجھ کو یہ نہ جانا آج تک
انخلا میرا ہوا ہے کس طرح اور کب ہوا

اُس ستمگار بے مروّت کا یہ کہنا خوب تھا
قہر برسے گا یقیناً" ختم تیں جو نب ہوا ط

ط نب یعنی آسماں۔

پاکستان میں قبر سے نکالی ہوئی ایک عورت کی لاش سے مباشرت کرنے سے متاثر ہو کر
کشمیری مسلم فرقہ پرستوں اور پاکستان نواز درندوں کے لئے

تمہیں نے سرزمینِ پاک کو ناپاک کر ڈالا — تمہیں نے آج پھر انسانیت کو خاک کر ڈالا
تمہیں نے پھر شرافت کا گریباں چاک کر ڈالا — تمہیں نے عالم اسلام کو نمناک کر ڈالا

جہاں ماں بیٹیوں کی آبرو خطرہ میں پڑ جائے
شیاطینِ زمانہ کے وہاں پڑ جائیں گے سائے

تمہیں پھر اُمتِ احمدؐ میں شامل کون کرے گا — تمہیں تعلیمِ قرآں کے بھی حامل کون کرے گا
تمہیں اسلامیت کے آج قابل کون کرے گا — تمہیں دینِ محمدؐ کے بھی قائل کون کرے گا

غضب یہ ہے گناہ ہو کا نہیں محسن کہاں ممکن
[illegible]

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

پہلا عنوان

جہاں پر شرلیفوں کا اجمال ہوگا
وہاں دال میں بھی کوئی کال ہوگا

جہاں عورتوں کا بُرا حال ہوگا
وہاں مُعبدوں کا بھی بھوال ہوگا

جہاں صدر ہو بد مزاجی کا منبع
وہاں ٹھیک کیا مُلک کا حال ہوگا

جہاں کا ہو اسلام غارتگری پیر
وہاں کا ہر ایک فرد اتبال ہوگا

جہاں پر ائم منسٹر ہو بد ذوق و کج رَو
وہاں مرد و زن کا بُرا حال ہوگا

جہاں دینا حیت کی عشرت لُٹی ہو
وہاں ناظمِ مُلک چنڈال ہوگا

جہاں احمدی لوگ کافر کہاویں
وہاں اہلِ تشیّع کا زنگال ہوگا

جہاں دہشتوں کا مگن سلسلہ ہو
وہاں گھر اُجڑنے کا جنجال ہوگا

جہاں بے نظیری بکلتی رہے گی
وہاں اہلِ ایماں میں کنگال ہوگا

جہاں شرم و غیرت ختم ہو چکے ہوں
وہاں پر مُلا زیرِ ترپال ہوگا

جہاں دین بدلنے کی تبلیغ ہوگی
وہاں دین پیسے بھی پامال ہوگا

جہاں جان دیدی نثارِ حزیں نے
وہاں حال والا بھی بے حال ہوگا

۱۔ اشعار طبع بحرمتی دہشتی بھنا جب زوال سے مقیت

C-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

) Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

غزل

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ایک بھونچال اس زور سے آئے گا اور سارے یہ دیوار و در جائینگے
روگ لگ جائینگے سوگ پڑ جائینگے، لوگ مرنے سے پہلے ہی مر جائینگے

یہ تلاطم کی وادی سخت گمبھیر ہے، اس سے بہتر ہے گھر پر ہی سڑتے رہیں
گر بلا خیزیوں میں یہاں الجھنے لگے، وہ اگر بچ گئے بھی تو سڑ جائینگے

اُن شکستہ دلوں کا مداوا کریں، جن کے بچے بلکتے تڑپتے رہے
گر نہ دکھیوں کے دکھڑے سنے گا کوئی، حادثہ کچھ نہ کچھ پھر وہ کر جائینگے

کوئی بیمار حالت میں مرتا نہیں، اسلئے میں نے عمداً یہی کہہ دیا
جتنے بھی گھاؤ دل میں نمودار ہیں ہے یقیں موت سے پہلے بھر جائینگے

اسطرح کی یہ ہڑتال کس کام کی، جو عزیزوں کے مرنے کا کارن بنے
یہ خیالوں کی دُنیا تری نہ بری، چھوڑ کر کیوں نہ ہم اپنے گھر جائینگے

بھائی چارہ کو زک کس نے پہنچا دیا، بھائی چارہ عبادت سے کچھ کم نہیں
بھائی چارہ سنورنے بھی دیں دوستو، پھر دلوں سے سبھی دور شر جائینگے

مشکلیں جھیلنے کا سبق ہے کھلا، اے نثارِ حزیں اسکو پڑھتا ہی جا
مشکلوں میں بسیرا جو کرتے رہے، مشکلوں سے وہ کیا خاک ڈر جائینگے

شعر

دان کرنا خون کا ہم نے تو سمجھا اسطرح
خون اپنا ہی دیا اور خون اپنا ہی لیا

C-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

) Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

غزل

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

ہو نہ جائے پھر سے یہ آباد قبرستاں کہیں
اور پھر جلتے نہ رہ جائیں سبھی شمشاں کہیں

آتنکی حالات کچھ اچھے نہیں ہیں دوستو
ڈر ہے مٹ نہ جائے پھر یہ آج کا انساں کہیں

ہم دھماکوں کے مسلسل وار سے گھبرا اُٹھے
بن نہ جائیں ہم بھی تھوڑے وقت میں مہماں کہیں

جب تلک ماحول وادی کا سنورتا جائے گا
تب تلک ہم کو نہ کہہ جائے کوئی حیواں کہیں

اُس وقت پڑ جائے گی اپنی عقل ٹھنڈی نثار
جب پکارا جاؤں گا اجلاس میں دیواں کہیں

غزل

گولیاں چلنے کے بیچوں بیچ ہم پھنستے رہے
امنِ عامہ کے محافظ اس طرح سہتے رہے

جس نگریا میں شریفوں کی بڑی بھرمار تھی
آج بدامنی سے وہ تعداد میں گھٹتے رہے

وہ کبھی بہکاوے کے کارن ہی آتنکی بنے
جو نہ بن سکتے تھے کچھ بھی وہ سبھی بنتے رہے

موت نے گھیرا ہے جن جن کو بہ اندازِ دگر
اُن کے سب بچے یتامت کے سبب روتے رہے

دوش پھر اس حال میں دینا ہے اُن سب کو نثار
خوابِ غفلت میں پڑے جو آج تک سوتے رہے

C-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

غزل

چل چکی ہے سرد مہری کی لہر کشمیر میں
آتشوں کے پھیل جانے کی خبر کشمیر میں

اب تو انسانی چلن ہے بے اثر کشمیر میں
کون پھر سکتا ہے دن کو بے خطر کشمیر میں

کس جگہ جا کر چھپے ہیں وہ فقیر و اولیا
خواب میں آتے ہیں جو پہلے بہر کشمیر میں

خوردنی اجناس کے بدلے میں بھنگ بوئی گئی
کھیتوں میں دان کے بدلے زہر کشمیر میں دھان

اسقدر فرقہ پرستوں کی بڑی بھرمار ہے
اب نہ پنپیں گے کبھی گام و شہر کشمیر میں پنپیں گے

شیخ بخشی بند کو صادق اور کلّم و ظہیر آکر
ڈھونڈ پاؤ گے اب کہاں ایسے گہر کشمیر میں

اس منظر سے ہے مخص میرا تعلق خوب تر
ہر صبح کو جب نکلتا ہے مہر کشمیر میں

اب نہ تیری قدر ہوگی کچھ وہاں پر اس لئے
غلط عنصر کو ہی ملتا ہے ثمر کشمیر میں

غیر سی حالت میں کیا کرنا مجھے جا کر نثار
اب تو مشکل ہے کہ ہو جائے بسر کشمیر میں

غزل

شوق سے اپنی میت اٹھائی گئی
دشمنوں سے عنایت جتائی گئی

شکر ہے اپنے دل سے برائی گئی
میری حالت جو مجھ سے بتائی گئی

یہ سیاست رفاقت کا باعث بنی
یہ خجالت کا سادھن بنائی گئی

ایک قشقہ لگانا تھا باقی رہا
ایک انگلی مری بھی کٹائی گئی

روز و شب کی عبادت عبث ہی گئی
کیونکہ خطرے کی گھنٹی بجائی گئی

آتشیں اسلحہ پھر سے پوجا گیا
آگ گھر میں جو میرے لگائی گئی

کون روتا رہا اپنے ماں باپ کو
کس کی میت سڑک پر جلائی گئی

گھر کے نقشہ کو کس نے بدل کر رکھا
قبر گھر میں یہ کیسی سجائی گئی

پھر نثار حزیں دل کی عزت بڑھی
اسکی صورت دلوں میں بسائی گئی

C-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

دسمبر 1987ء

نظم

سرینگر ایجیٹیشن میں شرپسندی

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

شورشوں کو بڑھانے کا اعلان ہوا — شرپسندوں کی تحریک میں بَر ملا
یک بیک شہر میں پھر سناٹا ہوا — جو جدھر تھا اُدھر ہی وہ بے جان بنا

شہر میں کس طرح کا یہ چکر چلا
جیسے کارن مرا اور ترا گھر جلا

کس نے ہندو مٹانے کا اعلان کیا — کس نے مندر جلانے کا اعلان کیا
کس نے راہ پہ بٹھانے کا اعلان کیا — کس نے احساں جتانے کا اعلان کیا

کون تھا آدمی جو نہ انساں ہوا
کون حیواں بنا اور شیطاں ہوا

مندروں کو جلایا گیا کس لئے — بستیوں کو اجاڑا گیا کس لئے
مورتوں کو بگاڑا گیا کس لئے — دہشتوں کو بڑھایا گیا کس لئے

تم پہ راضی رہیں گے نہ کون و مکاں
تم سے بگڑے رہیں گے زمین و زماں

یہ تری بے رخی کس کو اچھی لگی — یہ تری بے دلی کس کو اچھی لگی
یہ تری بے حسی کس کو اچھی لگی — یہ تری بے تکی کس کو اچھی لگی

مجھ کو مارو اگر مار سکتے ہو تم
آخرش جنگ میں ہار سکتے ہو تم

کون پرکھے گا فطرت مری پھر یہاں — کون پوچھے گا جدت مری پھر یہاں
کون رکھے گا عزت مری پھر یہاں — کون دیکھے گا قیمت مری پھر یہاں

پھر چمن میں گلستاں روئے گا کیوں!
پاس میں اب پھر کوئی بیٹھے گا کیوں!

تم جہنم کے حقدار بن تو گئے — اور شیطان کے ویدار بن تو گئے
اپنے خوں کے تم اغیار بن تو گئے — قاتلوں کے بھی دلدار بن تو گئے

چند سکوں کے بدلے میں ایماں دیا
اور بزرگوں کا ایسے میں اپماں کیا

ہم نے جانا نہیں کون لُٹ گیا — ہم نے جانا نہیں کون بہکا گیا
ہم نے جانا نہیں کون جھڑکا گیا — ہم نے جانا نہیں کون پھسلا گیا

جو ہدایت بھی تھی نہ قرآن کی
اور نہ تعلیم گیتا کے فرمان کی

C-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

غزل

اُجڑ کر جو آئے وہ اُکھڑے پڑے ہیں، زمانے کے ہاتھوں مٹے جا رہے ہیں
وہی جن کو دیکھا اُنہ سکڑے پڑے ہیں، زمانے کے ہاتھوں مٹے جا رہے ہیں

ابھی ہم نے کچھ بھی سُنایا نہیں ہے، کہ آنکھیں چھلکنے لگی ہے کسی کی
سُنانے کو کتنے ہی دُکھڑے پڑے ہیں، زمانے کے ہاتھوں مٹے جا رہے ہیں

اپنی آپ اس حال میں دیکھئے نہ جمیل و حسین انکے چہرے تھے جو
سُرخ تھے کبھی زرد مُکھڑے پڑے ہیں، زمانے کے ہاتھوں مٹے جا رہے ہیں

اگر آپ کے پاس انسانیت ہے، اپنی جو ہمدردیں سب لٹا دیں
کہ ٹوٹے دلوں کے یہ ٹکڑے پڑے ہیں، زمانے کے ہاتھوں مٹے جا رہے ہیں

اپنی دیکھ کر پھر نثارِ حزیں نے بہایا ہے آنکھوں سے خونِ جگر تک
یہ بچے ہیں کوئی نہ نکھرے پڑے ہیں، زمانے کے ہاتھوں مٹے جا رہے ہیں

غزل

کس طرح کا آج طوفاں آ گیا کشمیر میں
پھاند کر سرحد کو حیواں آ گیا کشمیر میں

ایک شیطاں بصفت انساں آ گیا کشمیر میں
پاک شہری کے ارماں آ گیا کشمیر میں

خواہ مخواہ وہ بن کے مہماں آ گیا کشمیر میں
کرنے کو کچھ عہد و پیماں آ گیا کشمیر میں

خاک میں پیوست کرنے امن کو انصاف کو
نافہم نا اہل شیطاں آ گیا کشمیر میں

وہ جو رسوا ہو گیا عالم میں وہ پھر بھی نثار
سرحدوں پہ ہو کے رقصاں آ گیا کشمیر میں

C-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

جموں میں بس دھماکے

جل گیا زندہ جلا ہر ایک مسافر بے گناہ — ادھ جلی لاشوں کا تھا کتنا بڑا اک سلسلہ
ایک ماہ میں ایک راہ پر دو دھماکے ہو گئے — دو بسوں کو ان دھماکوں میں فنا ہونا پڑا
ایک سو چھتیس میں پینتیس کل مارے گئے — باقیوں کو ہسپتالوں کے سپرد کرنا ہوا
کتنے میلوں تک زمیں ہلتی رہی ہے اس کے بعد — بم پھٹا بس میں پھٹا کچھ اس طرح سے باخدا
کٹ گئے اعضا بدن سے سر کٹے بازو کٹے — ٹائم کیپسول کی کٹی دکھرائی تھا وہ حادثہ
پاک جاسوسی کے کارن حادثے ہونے لگے — شاہراہ کی مانگ کا سیندور بھی لٹتا رہا
بم دھماکوں کا نتیجہ بیوگی بیوہ زنی — بے کسی اور پھر یتیمی سفر کرنے کا صلہ
ان دھماکوں نے جنہیں کچھ دے دیا سوغات میں — وہ انہیں تو زندگی بھر کے لئے رونا ملا
اب جموں نرغے میں آیا اتنکی ماحول کے — تم کو کچھ کرنا پڑے گا اے نثار باوفا

مدتوں دیکھا کیا موئے مبارک کو جہاں

کیا نہیں دیکھو گا میں موئے مقدس کو وہاں — مدتوں دیکھا کیا موئے مبارک کو جہاں
کس نے بے حرمت کیا درگاہ کو دربار کو — شان سے ماتھا رگڑتے تھے جہاں کون و مکاں
جنس بیجا میں رکھا ہے کس نے خوئے پاک کو — مشغلے کے طور پر کس نے دیئے آہ و فغاں
کس نے پامالی بخش دی میری اس درگاہ کو — جل رہا ہے دل مرا آج جل رہا باغِ جناں
وہ بھی ابلیس کے بندے ہیں جو قابض ہوئے — نفرتوں کا بوجھ لیکے جائیں گے دور از جہاں

آج پاکستان میں جہلا کا ایوان سج گیا — جس میں وہ سازش کے سارے وکر رہے ہیں نیم جاں
وہ شیاطین زمانہ دشمن اسلام ہیں — دانستہ رہتے ہیں ہر سو کو بہ کو جھوٹے بیاں
ان کی تقدیروں میں ہونا حافظ قرآں نہیں — جسقدر جھوٹا رویہ اسقدر ہے جھوٹی شان
ان کی شہ پر ہو گیا بحران بپا کشمیر میں — اور کہتے ہیں کہ ہوتے ہیں ملوث ہم کہاں
پردگی بے پردگی یکساں ہیں پاکستان میں — ٹوٹ کر گرنے لگے گا کل یہاں ان پر آسماں

سیم و زر سارا لگا درگاہ کی تعمیر پر
اے نثار دل حزیں کچھ بھی نہ تھا سود و زیاں

30/10/93

C-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

8/93

جشن اشٹمی اور جموں میں بم دھماکہ

اسطرح کا یہ ماحول قائم ہوا   اور غارتگری کا چکر چل پڑا
ہندوؤں کے قتل سے شروعات کیں   سارے کشمیر کو پھر جکڑ کے رکھا
کوئی سنتا نہیں کوئی جب کچھ کہے   یہ بڑا المیہ ہے کہ اب کیا بنے
کب سے کشمیر جموں میں داخل ہوا   ساتھ غارتگروں کا لیے قافلہ
ایک مدت سے ہم نے چلایا یہاں   آتنکی قہر شدت سے جبر کا یہاں
لوگ غافل رہے تو رہے تھے مگر   کمال اٹھے نہ سرکار کے نمتھا
شہر جموں میں جتنے دھماکے ہوئے   اپنی دانست میں بتیس تک ہو گئے
ویسے ہونے میں سو سے بھی زیادہ ہوئے   شرپسندوں نے اپنا بٹھایا سکہ
چل پڑا بم دھماکوں کا اب سلسلہ   روز روشن میں یارو یہاں برملا
اب نہ بچنے کی امید رکھے کوئی   کہہ رہا ہوں صفائی سے میں باخدا
تیس تک کوئی کہتا ہے زخمی ہوئے   کوئی کہتا ہے سو سے بھی زیادہ ہوئے
کوئی کہتا ہے سازش پولیس کی بھی تھی   اصل میں جو ہوا وہ برا ہی ہوا
ایسے ٹکڑے جگر کے ہوئے تھے ہرے   زخمیوں کے جو بجھنے لگے تھے دئے
بن گئے بے چارہ پھرتا رہا دربدر   ان کا جڑنا کہیں سے نہ ممکن ہوا
ہسپتالوں کی زینت بنے وہ سبھی   بستروں پر لٹائے گئے وہ سبھی
اور ان کو بچانے کی خاطر وہاں   ڈاکٹروں نے صبح شام ایک کر دیا
رہبروں تو کہ بازو لکہ ہیں وہ لوگ   اپنے جھنڈے بہت گاڑ کے رکھ دیے
لوٹ آتش زنی مار کیا ہے یہ   اور غنڈوں کا بھی ہے یہاں دبدبہ
شرپسندوں کا ہے ایک جھنڈا یہاں   اور غارتگروں کی ہے ٹولیاں
جب بھی ملتی ہیں اپنا یہ دونوں کہیں   تو کہیں بیچ کا دھماکہ ہوا
وہ جیالے جموں کے چھپے ہیں کہاں   تھرتھراتے تھے جن سے زمیں آسماں
وہ بہادر جواں سالی کس گھر میں ہیں   جو یہ کہتے تھے کر دیں گے جاں بھی فدا
آب دیدہ ہے مثل الیمی کوئی   جب نہ کوئی ہوا منقلب ہو چلی
ایک دن رہ نہ پایا ہے خالی یہاں   جب نہ پیدا ہوا کوئی بھی خجستہ

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

اُن کے گھر میں ہے آنکھوں بھر کی خوشی　　یہ ضلالت کی حد دیکھئے تو سہی
جن سے ہوتے ہیں انسانیت کے قتل　　ایک دو جو کو کہتے ہیں وہ مرحبا
زخمیوں کو گورنر نے خود دیکھ کر　　حوصلہ دیدیا تم رہو بے خطر
ملزموں کو پکڑ کر ہی دم لینگے ہم　　جو مناسب ہو اُن کو ملے گی سزا
جو عناصر غلط ہیں وہ مر جائیں گے　　اور مرکز ہیں وہ بھر بکھر جائینگے
بد امن جتنے ہونگے وہ ہوں گے ختم　　ساتھ ہم کو جو لوگوں کا مل پائے گا
جن سے آلودہ ہوتی رہی ہے فضا　　وہ گنہگار جنرل ہیں عناصر بلا
وحشتیں اسقدر بڑھ گئی ہیں مگر　　کیونکہ پولیس کا ہے چلن ناروا

کشمیر میں

رہزنا رہبر بن کر آئے　　کیا کچھ لوٹا کون بتائے
مندروں پر تالے تک چڑھائے　　ہاتھ بھی اب کون اٹھائے
صلواتیں مسجد سے سنائیں　　ہم پہ پیہم ظلم بھی ڈھائے
مخبر ایجنٹ کافر کہکر　　ہم پر یہ الزام لگائے
دہشت گردوں کی بولی نے　　بچے بوڑھے سبھی رلائے
ہمت نہ ہاری ہم نے اُس دم　　قتل کے ساماں جدھر وہ لائے
ہر دن اپنے جوانوں کو دیکھا　　خون میں لت پت خون میں نہائے
اُن سے بات میں کرتا لیکن　　اُن کے کچھ انداز نہ بھائے
گھر کو چھوڑا اور یہاں پر　　ٹھوکر کھا کر سب کچھ پائے
عزت اپنی بچانے پر بھی　　لوگوں سے طعنے تک کھائے
جہاں ہو غلبہ غارتگری کا　　واپس کون وہاں پھر جائے
اُس کشمیر کو کرنا کیا اب؟　　بھول گئے ہیں چنار کے سائے
قدر ہو جائے اب لوگوں کی　　سوئی قسمت اپنی جگائے

۱۹۹۱

اچھا انسان نثار وہی ہے
CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra
اپنا ہو کر [illegible]

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

سمیلن کے لیے

نقاد بھائی

کل جو سناٹا تھا آج رونق ہے یہاں — سج گئی ہے اپنے ہندوؤں کی یہاں بزم جہاں
شش جہت سے آئے ہیں اہلِ دل اہلِ ہنر — خوب لگتا ہے کہ بندھ جائے گا بڑھیا سماں
یہ تعجب خیز منظر سامنے سے دیکھ کر — کوئی بتلائے کہ ایسی سج گئی محفل کہاں
ورنہ گھر کو چھوڑنا میرے لیے ممکن نہ تھا — جبر کی بندوق نے گھر سے کیا مجھ کو رواں
ذو زنمی ہیں وہ کہ جن سے قتلِ انسانی ہوئے — ہم تو باسی ہیں جسے کہتے ہیں سب باغِ جناں
دشمنِ دیں سے مری کیا خاک ہوگی دوستی — کھنڈروں میں جس نے بدلا ہے مرے گھر کو وہاں
ٹھیک ہے میرے غموں کی تم کو تفصیلیں ملیں — جس قدر دل کو لگے ہیں گھاؤ کر دو کا بیاں
جس سلوکِ ناروا سے شخصیت میری گھٹی — اس سلوکِ ناروا کو میں نہ رکھوں گا نہاں
بے شرم سرکار کے منفی رویے کے طفیل — جھوٹ یہ سچ کا اسے ہوتا رہا اکثر گماں
کل ملا کر کہہ دیا کوئی سوا سو ہی مرے — جبکہ کوئی سات سو مارے گئے ہندو جواں

ہم عقل کے تھے بنا اندھے کبھی بھی آشکار
دوسروں کی طرح ہم میں ہے نہیں کوئی دواں

کشمیر میں

کھیتی کھیتی چیں بہ جبیں ہے — منش منش بھی خونیں ہے
پربت پربت جلنے لگا ہے — دریا دریا رنگیں ہے
وادی وادی افسردہ ہے — نالہ نالہ سنگیں ہے
غربت غربت ہر سو پھیلی — دہشت دہشت بے دیں ہے
ساگر ساگر اُچھل رہا ہے — صحرا صحرا مسکیں ہے
چپہ چپہ مردہ پڑا ہے — کوچہ کوچہ غمگیں ہے
سلگی سلگی آگ جفا کی — بھڑکی بھڑکی شوقیں ہے

نظم نظم تو نثارِ سخنور
غزل غزل بھی شیریں ہے

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

بھیک کی کب ختم ہونگی جھولیاں

رفتنی ہیں یہ بھیانک بدلیاں
شادیانے اور بجینگی ڈفلیاں

سُرخرو ہوکر رہینگے آخرش
ہم کی دیکھیں گے ہیں پھر جھڑکیاں

روشنی کے گر گئے مینار سب
پھر نکل آئیں سیاہ سی جھانکیاں

رہزنوں کے بھیس میں سب یار تھے
جن کی ہم نے دیکھ لیں وہ بازیاں

اُنکی گردن میں نہ مرزے دیکھکر
قتل کرنے کی لٹکتی تختیاں

بات اُن سے کون کرسکتا وہاں
جن کی ہم نے دیکھ لیں کج فہمیاں

مندروں کو چھوڑنے کشمیر کے
دے رہے تھے مسجدوں سے دھمکیاں

ہم کو ہرگز ہی پسند آئیں نہیں
مختلف انداز کی وہ بولیاں

وہ مسلماں تھے مگر دہشت گرد
جو کیا کرتے رہے شیطانیاں

ہم نے اپنے ہوش کھوئے ہی نہیں
اُن کی تب بھی دیکھ لیں گستاخیاں

وہ تو دشمن ہو چکے اسلام کے
خون کی جو کھیلتے تھے ہولیاں

کر دیا ٹھنڈا انہیں بندوق سے
قتل کرکے بھی اُنہیں دیں گالیاں

قتل کی تعداد جب بڑھنے لگی
ہندوؤں نے چھوڑ دیں سب وادیاں

وہ تو حیواں تھے مگر انساں نما
قتل و غارت کی گرائیں بجلیاں

خوف سے بندوق کے سہمے رہے
کون آتا پھر کسی کے درمیاں

مندروں کو لا سب جلنے لگے
ہر طرف دیکھی گئیں چنگاریاں

پھر مکانوں کو وہاں کیا خبر تھی
آگ کی تھی بڑھ گئیں پرچھائیاں

یہ نہ ہم کو تھا پتہ ہوگی کبھی
زندگی میں اسقدر محرومیاں

جسقدر ہم پر ظلم ڈھائے گئے
اُسقدر ہوگی اُنہیں رسوائیاں

وہ بھی روتے ہی رہینگے عمر بھر
جن سے پیدا ہو گئیں بدحالیاں

ہر طرف کہرام ہی کہرام تھا
خونِ ناحق کی رواں تھیں وادیاں

خانہ و خونوں میں وہ بھی محفلاں رہے
جو مساجد سے رہے دیتے اذاں

دل دہل اُٹھتا ہے اُن کو یاد کر
ہو چکیں جنکی وہاں غرقابیاں

مٹ گئی کشمیر کی کشمیریت
اور آپس کی بھی وہ یاریاں

مٹ گئے تہذیب کے سارے نقش
اور سب اخلاق و انداز بیاں

حسرتیں تنظیم سے کیا ڈر ہیں
اُس میں شامل ہو چکی ہیں ٹولیاں

ہم تو عادی دیکھنے کے ہو گئے
پالیٹکس و غارتوں کی بدذوقیاں

[illegible]
[illegible]

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh. Funding by IKS-MoE-2025-Gra

روز و شب سوچا کیے ہم یہ بشار
بھیک کی کب ختم ہونگی جھولیاں

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-G

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

C-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh.Funding by IKS-MoE-2025-Gra

Gandhi Memorial College Of Education Bantalab Jammu

CC-0 Agamnigam Digital Preservation Foundation,Chandigarh Funding by IKS-MoE -2025 Grant